**SET-2**

**Series : SGN/C**

کوڈ نمبر
**Code No.** **264/2**

**Roll No.** | | | | | | | | رول نمبر

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- آپ جانچ لیجئے کہ اِس پرچہ میں چھپے صفحات کی تعداد **14** ہے۔
- پرچہ کے اُوپر دائیں طرف چھپا کوڈ نمبر طلبا کو اپنی جواب کاپی کے اُوپری صفحہ پر لِکھنا ہوگا۔
- آپ جانچ لیجئے کہ اِس پرچہ میں **23** سوال ہیں۔
- **کسی سوال کا جواب لِکھنا شروع کرنے سے پہلے اُسکا سلسلہ وار نمبر جواب کاپی میں لکھ لیجئے۔**
- پرچہ کے سوالوں کو پڑھنے کے لئے آپکو 15 منٹ کا زائد وقت مہیا کیا گیا ہے۔ پرچہ 10 بجکر 15 منٹ تک طلبا میں بانٹ دیا جائیگا۔ 10 بجکر 15 منٹ سے 10 بجکر 30 منٹ تک کے وقت میں آپ پرچہ کے سوالات کو پڑھینگے۔ اِس وقت کے دوران آپ سوالوں کے جواب لکھنا شروع نہیں کر سکتے۔

- Please check that this question paper contains **14** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **23** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 Minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# اکاؤنٹینسی (کھاتہ داری)

# ACCOUNTANCY

## (Urdu Version)

مقررہ وقت : 3 گھنٹے | کُل نمبر : 80

*Time allowed : 3 hours* | *Maximum marks : 80*



collegedunia.com India's largest Student Review Platform

**عام ہدایات :**

(i) اِس پرچہ کے دو حصّے **A** اور **B** ہیں۔

(ii) حِصّہ **A** سبھی طُلبا کے لئے **لازمی** ہے۔

(iii) حِصّہ **B** کے دو آپشن ہیں۔ آپشن-I (مالیاتی بیان کا تجزیہ) اور آپشن-II (کمپیوٹری کھاتہ داری)۔

(iv) حِصّہ **B** سے صرف **ایک** ہی آپشن کے سوالات کے جواب لکھئے۔

(v) کسی ایک سوال کے **سبھی** حِصّوں کے جواب ساتھ ساتھ لکھئے۔

## حِصّہ - A

## (شراکت داری فرموں اور کمپنیوں کے لئے اکاؤنٹنگ)

## (Accounting for Partnership Firms and Companies)

1. 'حصص کے نجی اجرا' سے کیا مطلب ہے؟ **1**

2. امن، یتین اور اُما ساجھے دار تھے اور نفع-نقصان کو 2 : 3 : 5 کے تناسب میں بانٹ رہے تھے۔ اُما سبکدوش ہوگئی اور اُس کے حصے کو یتین اور امن نے 3 : 5 کے تناسب میں لے لیا۔ امن اور یتین کا منافع کا تناسب معلوم کیجیے۔ **1**

3. ایک ساجھے دار کے چالو کھاتے کے نام کی طرف دکھائی جانے والی دو مدیں دیجیے۔ **1**

4. ونے اور نمن ساجھے دار ہیں اور 1 : 4 کے تناسب میں منافع کو بانٹتے ہیں۔ اُن کا سرمایہ بالترتیب ₹ 90,000 اور ₹ 70,000 ہے۔ اُنہوں نے منافع کے 1/3 حصے پر پرتیک کو ساجھے دار بنایا۔ پرتیک اپنے سرمائے کے طور پر ₹ 1,00,000 لایا۔ فرم کی ساکھ کی قدر کا حساب لگائیے۔ **1**

5. ساجھے داری فرم کے تحلیل ہونے کے وقت بیلنس شیٹ میں اثاثے کی طرف دکھائے گئے ساجھے دار کے قرض کے لیے روزنامچہ اندراج دیجیے۔ **1**

6. فوت ہو جانے والے ساجھے دار کے حصے کو باقی ساجھے دار کس تناسب میں حاصل کرتے ہیں؟ **1**

7. نو بز مان لمیٹڈ نے 4,00,000 اِکویٹی حصص قدر عرضی کے مطابق (at par) ₹ 10 کی قیمت پر جاری کیے۔ فی شیئر رقم کی ادائیگی مندرجہ ذیل طریقے کے مطابق کرنی تھی : **3**

| | |
|---|---|
| درخواست پر | ₹ 3 - |
| الاٹمنٹ پر | ₹ 2 - |
| پہلی اطلاع پر | ₹ 2 - |
| آخری اطلاع پر | ₹ 3 - |



collegedunia India's largest Student Review Platform

اشیو مکمل طور پر سبسکرائب ہوا تھا اور تمام درخواست کنندگان کو پورے حصص الاٹمنٹ کر دیے گئے۔ تمام calls مانگ لی گئیں۔ ایک شیئر ہولڈر ماہی نے جس کے پاس 6,000 حصص تھے پہلی کال کے ساتھ آخری کال کی بھی ادائیگی کر دی۔ شریا نے جس کے پاس 700 حصص تھے ادائیگی کی تاریخ پر پہلی کال کی رقم ادا نہیں کی۔ شریا نے آخری کال کے ہمراہ پہلی کال کی ادائیگی کر دی۔ الاٹمنٹ رقم کی وصولیابی تک کمپنی کے اکاؤنٹنٹ نے درست طور پر اندراجات کر دئے – اُس کے بعد کے اندراجات اس نے ادھورے چھوڑ دئے۔ ان اندراجات کو پورا کیجیے :

**نو بزمان لمٹیڈ کا جرنل**

| تاریخ | تفصیلات | F | نام رقم (₹) | جمع رقم (₹) |
|---|---|---|---|---|
| | اکوِٹی شیئر پہلی کال کھاتہ نام | | 8,00,000 | |
| | .............................. | | | 8,00,000 |
| | (4,00,000 حصص پر 2 ₹ فی شیئر پہلی کال پر واجب رقم) | | | |
| | بینک کھاتہ نام | | ........... | |
| | .............................. نام | | ........... | |
| | اکوِٹی شیئر پہلی کال کھاتہ | | | ........... |
| | ........................................ | | | ........... |
| | (........................................) | | | |
| | اکوِٹی شیئر دوسری اور آخری کال کھاتہ نام | | ........... | |
| | اکوِٹی شیئر سرمایہ | | | ........... |
| | (4,00,000 حصص پر 3 ₹ فی شیئر دوسری اور آخری کال پر واجب رقم) | | | |
| | بینک کھاتہ نام | | ........... | |
| | ........................................ نام | | ........... | |
| | اکوِٹی شیئر دوسری اور آخری کال کھاتہ | | | ........... |
| | ........................................ | | | ........... |
| | ........................................) | | | |
| | (........................................ | | | |

collegedunia.com India's largest Student Review Platform



collegedunia.com India's largest Student Review Platform

.8 جنتا لمٹیڈ کا منظور شدہ سرمایہ 10 ₹ فی شیئر کے حساب سے 2,00,000 اکوِٹی شیئرز تھا۔ کمپنی نے 1,00,000 حصص کے لیے عوام سے درخواستیں طلب کیں۔ 97,000 حصص کے لیے درخواستیں موصول ہوئیں۔ رقم کی ادائیگی مندرجہ ذیل طریقے سے ہونی تھی :

درخواست پر 2 ₹ فی شیئر، الاٹمنٹ اور پہلی و آخری کال پر 4 ₹ فی شیئر۔ ایک حصص دار جس کے پاس 600 حصص تھے، الاٹمنٹ کی رقم ادا کرنے میں ناکام رہا۔ اُس کے حصص ضبط کر لیے گئے۔ کمپنی نے پہلی اور آخری کال نہیں مانگی۔ کمپنی ایکٹ 2013 کے شیڈول III کے مطابق حصص سرمایہ کو کمپنی کی بیلنس شیٹ میں دکھایئے۔ کھاتوں کے نوٹس بھی تیار کیجیے۔ 3

.9 اجے، بھاونا اور شریا ساجھے دار تھے اور نفع-نقصان کو 1 : 2 : 2 کے تناسب میں بانٹتے تھے۔ 1 جولائی 2017 کو شریا کی موت واقع ہوگئی۔ کھاتے کی کتابیں ہر سال 31 مارچ کو بند کی جاتی ہیں۔ سال 17-2016 کے لیے فروخت کی رقم 5,00,000 ₹ تھی اور 1 اپریل سے 30 جون 2017 تک 1,40,000 ₹ تھی۔ گذشتہ تین سال کے دوران منافع کی در فروخت کی %10 تھی۔ چونکہ شریا کا قانونی وارث اُس کا بیٹا تھا، جو مخصوص صلاحیت والا تھا، یہ فیصلہ کیا گیا کہ شریا کے کھاتوں کا تصفیہ کرنے کے لیے منافع کا حساب فروختوں پر %20 سے لگایا جائے گا۔

(a) شریا کی موت تک اُس کے منافع کے حصے کا حساب لگایئے اور اُس کے ضروری روزنامچہ اندراجات کیجیے۔

(b) اوپر کے پیرا میں ظاہر کی گئی قدر کا بھی حساب لگایئے۔ 3

.10 امت اور کارتک ساجھے دار ہیں اور نفع-نقصان برابر برابر بانٹتے ہیں۔ فرم کے منافعوں میں برابر حصے کے لیے اُنھوں نے سوربھ کو ایک ساجھے دار بنایا۔ اس مقصد کے لیے فرم کی ساکھ کا اندازۂ قدر (super profits) کی چار سال کی خریداری کی بنیاد پر کیا جانا تھا۔ سوربھ کے شامل ہونے پر فرم کی بیلنس شیٹ حسب ذیل تھی : 3

| دین داریاں | رقم (₹) | اثاثے | رقم (₹) |
|---|---|---|---|
| سرمائے : امت 90,000 | | مشینری | 75,000 |
| کارتک 50,000 | 1,40,000 | فرنیچر | 15,000 |
| رِزرو | 20,000 | اسٹاک | 30,000 |
| قرض | 25,000 | متفرق قرض داران | 20,000 |
| متفرق قرض خواہان | 5,000 | نقد | 50,000 |
| | **1,90,000** | | **1,90,000** |

رٹرن کی عام در %12 سالانہ ہے۔ پچھلے چار سال میں فرم کا اوسط منافع 30,000 ₹ تھا۔ ساکھ میں سوربھ کے حصے کا حساب لگایئے۔



collegedunia.com
India's largest Student Review Platform

11. وِنیس لمٹیڈ ایک ریئل اسٹیٹ کمپنی ہے۔ اپنی سماجی ذمہ داری کو نبھانے کے لیے کمپنی نے بے گھر لوگوں کے لیے رین بسیرے تعمیر کرنے کا فیصلہ کیا۔ کمپنی نے کَینس لمٹیڈ کے 10,00,000 ₹ کے اثاثوں اور 1,80,000 ₹ کی دین داریوں کو 7,60,000 ₹ کے عوض اپنے ذمے لیا۔ خریداری قیمت کی پوری ادائیگی کے لیے وِنیس لمٹیڈ نے کَینس لمٹیڈ کے حق میں 5% رعایت سے 100 ₹ فی ڈبنچر کے حساب سے 9% ڈبنچرز جاری کیے۔

مذکورہ بالا لین دین کے لیے وِنس لمٹیڈ کی کتابوں میں ضروری روزنامچہ اندراجات کیجیے۔ ایسی قدروں کی پہچان بھی کیجیے جس کا لحاظ وِنیس لمٹیڈ نے کیا۔ 4

12. راجیو اور سنجو ایک فرم میں ساجھے دار تھے۔ اُن کے ساجھے داری کے کھاتے میں یہ ضابطہ درج تھا کہ منافعوں کی تقسیم مندرجہ ذیل طریقے سے کی جائے گی :

پہلے 20,000 ₹ راجیو کو اور باقی 4 : 1 کے تناسب میں۔ 31 مارچ 2017 کو ختم ہونے والے سال کے لیے منافع 60,000 ₹ تھا جس کی تقسیم ساجھے داروں کے درمیان کر دی گئی۔ 1-4-2016 کو اُن کا سرمایہ تھا : راجیو 90,000 ₹ اور سنجو 80,000 ₹۔ 6% سالانہ کی در سے سرمائے پر سود کی ادائیگی کی جانی چاہیے تھی۔ نفع-نقصان ترمیم شدہ (appropriation) کھاتہ تیار کرتے وقت سرمائے پر سود نہیں لگایا گیا۔

اس کے لیے ضروری تصحیحی اندراجات داخل کیجیے۔ اپنے کام کو واضح طور سے بتائیے۔ 4

13. پارتھ، رمن اور جیشا فرنیچر بنانے والی ایک فرم میں ساجھے دار ہیں۔ وہ 5 : 3 : 2 کے تناسب میں نفع-نقصان میں تقسیم کر رہے ہیں۔ 1 اپریل 2017 کو اُنھوں نے آئندہ نفع-نقصان کو 2 : 5 : 3 کے تناسب میں تقسیم کرنے کا فیصلہ کیا۔ نفع-نقصان کھاتے میں اُن کی بیلنس شیٹ میں 4,000 ₹ کا ڈیبٹ بیلنس، 36,000 ₹ کا جنرل ریزرو اور 12,000 ₹ کا معاوضۂ ملازمین ریزرو ظاہر ہو رہا تھا۔ اُن کے درمیان اس پر اتفاق ہوا کہ : 6

(i) فرم کی ساکھ کا اندازۂ قدر 76,000 ₹ کیا جائے گا۔

(ii) اسٹاک (کتابی قدر 40,000 ₹) کی قدر میں 8% کی کمی کی جائے گی۔

(iii) 900 ₹ کے قرض خواہان دعویٰ نہیں کریں گے۔

(iv) معاوضۂ ملازمین کا 20,000 ₹ کا دعویٰ تھا۔

(v) سرمایہ کاریوں (کتابی قدر 38,000 ₹) کا دوبارہ اندازۂ قدر 40,000 ₹ پر کیا گیا۔



collegedunia.com
India's largest Student Review Platform

فرم ہر سال 'کیئر فار یو' نام کے ضعیف افراد کے آشرم کو دان دینے کے لیے آرام دہ گھومنے والی کرسیاں بنانے کا کام کرتی ہے۔ ملک میں بڑھتی ہوئی آلودگی کی سطح کو ذہن میں رکھتے ہوئے فرم نے یہ فیصلہ کیا کہ سال 2017-18 سے منافع کا 10% ہر سال 'گرین فنڈ' میں منتقل کیا جائے گا اور اس کا استعمال خاص طور پر ماحولیات موافق کاموں کے لیے کیا جائے گا۔

(a) مندرجہ بالا کے لیے ضروری روزنامچہ اندراجات کیجیے۔

(b) ایسی کنہی دو اقدار کو بھی بیان کیجیے جن پر مندرجہ بالا معاملے میں روشنی ڈالی گئی ہے۔

14. بوٹس لمٹیڈ نے 6% کی رعایت پر ₹ 6,00,000 کے 8% ڈبنچرز جاری کیے۔ یہ ڈبنچرز مساوی سالانہ قسطوں میں قابلِ بازیابی (redeemable) تھے۔ ڈبنچروں کے اجرا کے لیے ضروری روزنامچہ اندراجات کیجیے اور چار سال کا 'ڈبنچرز کے اجرا پر بٹہ کھاتہ' تیار کیجیے۔ اپنے کام کو واضح طور پر دکھایئے۔ 6

15. گرجا اور گنیش ساجھے دار تھے اور وہ 3 : 2 کے تناسب میں نفع-نقصان بانٹتے تھے۔ 31 مارچ 2017 کو اُن کی بیلنس شیٹ حسب ذیل تھی: 6

| دین داری | | رقم (₹) | اثاثے | | رقم (₹) |
|---|---|---|---|---|---|
| قرض خواہ | | 80,000 | نقد در بینک | | 20,000 |
| بینک اوور ڈرافٹ | | 50,000 | قرض دار | 55,000 | |
| گرجا کے بھائی کا قرض | | 77,000 | گھٹا - مشکوک قرضوں | | |
| گنیش کا قرض | | 28,000 | کے لئے انتظام | 2,000 | 53,000 |
| سرمایہ کاری اُتار چڑھاؤ فنڈ | | 15,000 | اسٹاک | | 78,000 |
| سرمایہ : گرجا | 1,50,000 | | سرمایہ کاری | | 89,000 |
| گنیش | 1,00,000 | 2,50,000 | عمارت | | 2,50,000 |
| | | | نفع-نقصان کھاتہ | | 10,000 |
| | | **5,00,000** | | | **5,00,000** |

مذکورہ بالا تاریخ پر فرم تحلیل کر دی گئی۔ اثاثوں کی وصولیابی ہوگئی اور دین داریوں کو نمٹا دیا گیا۔



collegedunia.com India's largest Student Review Platform

(a) ₹ 6,000 کے قرضداران سے قرض کی رقم وصول نہیں ہوئی۔

(b) گرجا نے اپنے بھائی کے قرض کی ادائیگی سے اتفاق کیا۔

(c) ₹ 10,000 کے ایک قرض خواہ کو اس کے کھاتے کے مکمل تصفیہ کے لیے صرف ₹ 3,000 ادا کیا گیا۔

(d) عمارت کو ₹ 1,80,000 پر نیلام کر دیا گیا اور نیلامی کرنے والے کا کمیشن ₹ 8,000 تھا۔

(e) گنیش نے اسٹاک کا ایک حصہ ₹ 4,000 (کتابی قیمت سے 20% کم) میں لے لیا۔ بچا ہوا اسٹاک باقی قرض خواہوں کو اُن کے کھاتوں کے مکمل تصفیے کے بدلے دے دیا گیا۔

(f) سرمایہ کاریوں سے ₹ 9,000 کم وصول ہوا۔

(g) وصولی خرچ ₹ 17,000 تھا اور اُن کی ادائیگی گنیش نے کی۔

وصولی کھاتا، ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتے اور بینک کھاتہ تیار کیجیے۔

16. 31 مارچ 2017 کو ابھیر اور دِویا کی بیلنس شیٹ جو 1 : 3 کے تناسب میں منافع تقسیم کرتے تھے حسبِ ذیل تھا : **8**

**31 مارچ 2017 کو ابھیر اور دِویا کی بیلنس شیٹ**

| دین داریاں | | رقم (₹) | اثاثے | | رقم (₹) |
|---|---|---|---|---|---|
| قرض خواہان | | 2,20,000 | نقد در بینک | | 1,40,000 |
| ملازمین کا پراویڈنٹ فنڈ | | 1,00,000 | قرضداران | 6,50,000 | |
| سرمایہ کاری اُتار چڑھاؤ فنڈ | | 1,00,000 | منفی ڈوبے قرضدار | | |
| جنرل ریزرو | | 1,20,000 | کا انتظام | 50,000 | 6,00,000 |
| سرمایہ : ابھیر | 6,00,000 | | اسٹاک | | 3,00,000 |
| دِویا | 4,00,000 | 10,00,000 | سرمایہ کاریاں | | |
| | | | (بازار قیمت ₹ 4,40,000) | | 5,00,000 |
| | | **15,40,000** | | | **15,40,000** |

اُنھوں نے 1 اپریل 2017 کو منافع کے 1/5 حصے کے لیے وِبھور کو ایک نیا ساجھے دار بنایا۔



collegedunia.com India's largest Student Review Platform

(a) وِبھور ساکھ پریمیم کے اپنے حصے کے لیے 80,000 ₹ لائے گا۔

(b) اسٹاک کا اندازۂ قدر 20,000 ₹ زیادہ کیا گیا۔

(c) ایک قرضدار نے جس کے 5,000 ₹ کے واجبات ڈوبے قرضے کے طور پر قلمزد کر دئے گے تھے، اپنے مکمل تصفیے کے لیے 4,000 ₹ کی ادائیگی کی۔

(d) 6,000 ₹ ماہانہ کی در سے دو ماہ کی تنخواہ باقی تھی۔

(e) وِبھور کو نئی فرم کے کل سرمائے کا 1/5 کے برابر سرمایہ لانا تھا۔

دوبارہ تشکیل شدہ فرم کا بازقدر اندازہ کھاتہ، ساجھے داروں کے سرمائے کا کھاتہ اور از سرِ نو تشکیل شدہ فرم کی بیلنس شیٹ تیار کیجیے۔

**یا**

کاویہ، مانیا اور نویتا ساجھے دار تھے اور بالترتیب %50، %30 اور %20 منافعوں کا بٹوارہ کرتے تھے۔ 31 مارچ 2016 کو اُن کی بیلنس شیٹ حسبِ ذیل تھی:

**31 مارچ 2016 کو کاویہ، مانیا اور نویتا کی بیلنس شیٹ**

| دین داریاں | | رقم (₹) | اثاثے | | رقم (₹) |
|---|---|---|---|---|---|
| قرض خواہان | | 1,40,000 | قائم اثاثے | | 8,90,000 |
| جنرل ریزرو | | 1,00,000 | سرمایہ کاری | | 2,00,000 |
| سرمایہ: | | | اسٹاک | | 1,30,000 |
| کاویہ | 6,00,000 | | قرضداران | 4,00,000 | |
| مانیا | 5,00,000 | | - ڈوبے قرضوں کا | | |
| نویتا | 4,00,000 | 15,00,000 | انتظام | 30,000 | 3,70,000 |
| | | | بینک | | 1,50,000 |
| | | **17,40,000** | | | **17,40,000** |



collegedunia India's largest Student Review Platform

مذکورہ بالا تاریخ کو کاویہ سبکدوش ہوگئی اور مانیا اور نویتا نے مندرجہ ذیل شرطوں پر فرم کو چالو رکھنے کا فیصلہ کیا :

(a) فرم کی ساکھ اندازہً قدر 60,000 ₹ کیا گیا اور ساکھ میں کاویہ کے حصے کا ایڈجسٹمنٹ فرم کو چالو رکھنے والے ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتوں میں کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔

(b) ملازمین کے معاوضے کا 4,000 ₹ کا ایک دعوی تھا۔

(c) سرمایہ کاریوں کا بازاندازہً قدر 2,13,000 ₹ کیا گیا۔

(d) قائم اثاثوں پر 10% کی فرسودگی ہوئی۔

(e) کاویہ کو 20,000 ₹ کی ادائیگی بینک ڈرافٹ کے ذریعے کی گئی اور باقی رقم اُس کے قرض کھاتے میں منتقل کر دی گئی، جس کی ادائیگی 10% سالانہ سود کے ساتھ دو برابر سالانہ قسطوں میں کرنا ہے۔

باز اندازہً قدر کھاتہ، ساجھے داروں کا سرمایہ کھاتہ اور آخری ادائیگی تک کاویہ کا قرض کھاتہ تیار کیجیے۔

17. Manvet Ltd. نے 10 ₹ فی شیئر کے حساب سے 10,00,000 اکوِٹی شیئرز جاری کرنے کے لیے درخواستیں طلب کیں جن کی ادائیگی حسب ذیل طریقے سے ہونی تھیں : 8

درخواست اور الاٹمنٹ پر : 4 ₹ فی شیئر (1 ₹ پریمیئم کے ساتھ)

پہلی کال پر : 4 ₹ فی شیئر

دوسری و آخری کال پر : 3 ₹ فی شیئر

15,00,000 حصص کے لیے درخواستیں موصول ہوئیں اور سبھی درخواست کنندگان کو تناسب کے اعتبار سے الاٹمنٹ کر دیا گیا۔ درخواست کے وقت دی گئی زائد رقم کو پہلی کال پر واجب الادا رقم میں شامل کر لیا گیا۔ ایک شیئر ہولڈر نے جس نے 6,000 حصص کی درخواست دی تھی، پہلی اور دوسری و آخری کال کی رقم ادا نہیں کی۔ اُس کے حصص ضبط کر لیے گئے۔ ضبط شدہ حصص میں سے 90% حصص کو مکمل ادائیگی شدہ 8 ₹ فی شیئر کے حساب سے دوبارہ جاری کیا گیا۔

مندرجہ بالا لین دین کے لیے ضروری روزنامچہ اندراجات کیجیے۔



collegedunia India's largest Student Review Platform

**یا**

ایکس لمٹیڈ نے 10 ₹ فی شیئر کے حساب سے 5,00,000 اِکوِٹی شیئرز مساوی الاصل قیمت پر جاری کرنے کے لیے درخواستیں طلب کیں۔ فی شیئر رقم کی ادائیگی مندرجہ ذیل طریقے کے مطابق کی جانی تھی :

درخواست پر - 1 ₹ فی شیئر

الاٹمنٹ پر - 2 ₹ فی شیئر

پہلی کال پر - 3 ₹ فی شیئر

دوسری و آخری کال پر - باقی رقم

8,00,000 حصص کے لئے درخواستیں موصول ہوئیں۔ 1,00,000 حصص کی درخواستوں کو مسترد کر دیا گیا اور باقی درخواست کنندگان کو تناسبی بنیاد پر حصص الاٹ کر دیے گئے۔ تمام کالیں مانگ لی گئیں۔ 5,000 شیئرز کے ایک شیئر ہولڈر اشوک نے الاٹمنٹ اور کال پر دی جانے والی رقم کی ادائیگی نہیں کی۔ ایک شیئر ہولڈر موہن جس نے 7,000 حصص کے لیے درخواست دی تھی پہلی اور دوسری و آخری کال کی رقم کی ادائیگی نہیں کی۔ دوسری و آخری کال کے بعد اشوک اور موہن کے حصص کو ضبط کر لیا گیا۔ ضبط شدہ حصص میں سے 8,000 حصص کو مکمل ادائیگی شدہ 12 ₹ کے حساب سے دوبارہ جاری کیا گیا۔از سرنو جاری کیے گئے حصص میں اشوک کے ضبط شدہ حصص شامل تھے۔

ایکس لمٹیڈ کی کتابوں میں مندرجہ بالا لین دین کے لیے ضروری روزنامچہ اندراجات کیجیے۔

## حِصّہ – B

## متبادل – I

## (مالیاتی گوشواروں کا تجزیہ)

## (Analysis of Financial Statements)

18. کیش فلو گوشوارہ بنانے کے بنیادی مقاصد کو بیان کیجیے۔ 1

19. ایک کمپنی کے 'دیے گئے قرض اور ایڈوانس' کے کیش فلو کا گوشوارہ بناتے ہوئے کس طرح کی سرگرمی مانا جائے گا ؟ 1



collegedunia.com India's largest Student Review Platform

20. مندرجہ ذیل معلومات سے تقابلی نفع-نقصان گوشوارہ تیار کیجیے : 4

| تفصیلات | 31 مارچ 2017 | 31 مارچ 2016 |
|---|---|---|
| آپریشنز سے آمدنی | ₹ 24,00,000 | ₹ 18,00,000 |
| دیگر آمدنی (آپریشنز سے آمدنی کا %) | 15% | 25% |
| اخراجات (آپریشنز سے آمدنی کا %) | 60% | 50% |
| ٹیکس کی در | 40% | 40% |

21. (a) کمپنی ایکٹ 2013 کے شیڈول III کے مطابق مختلف مدوں کو کن عنوانات اور ذیلی عنوانات کے تحت دکھایا جائے گا ؟

(i) ملازمین کی مراعات (benefits) کے انتظامات

(ii) پیشگی کالیں

(b) مالیاتی گوشواروں کے تجزیے کی کنہی دو مدوں کا بیان کیجیے۔ 4

22. (a) کسی کمپنی نے لاگت پر 25% مجموعی منافع کمایا۔ 31 مارچ 2017 کو ختم ہونے والے سال کے لیے اُس کا مجموعی منافع 5,00,000 ₹ تھا۔ کمپنی کا اِکوِٹی شیئر سرمایہ 10,00,000 ₹ تھا، رِزرو اور سرپلس 2,00,000 ₹ تھا، طویل مدتی قرض 3,00,000 ₹ تھا اور نان کرنٹ اثاثے 10,00,000 ₹ کے تھے۔

کمپنی کے ورکنگ کیپٹل ٹرن اووَر کے تناسب کا حساب لگائیے۔

(b) وائی لمٹیڈ کا سود اور ٹیکس کے بعد خالص منافع 1,00,000 ₹ تھا۔ اُس کے چالو اثاثے 4,00,000 ₹ ؛ چالو دین داریاں 2,00,000 ₹ ؛ قائم اثاثے 6,00,000 ₹ اور 10% طویل مدتی قرض 4,00,000 ₹ تھا۔ ٹیکس کی در 20% تھی۔

وائی لمٹیڈ کی سرمایہ کاری پر رِٹرن کا حساب لگائیے۔ 4



collegedunia.com India's largest Student Review Platform

23. 31 مارچ 2017 کو میوانک لمٹیڈ کی بیلنس شیٹ حسبِ ذیل تھی : 6

**میوانک لمٹیڈ**

**بیلنس شیٹ بتاریخ 31 مارچ 2017**

| تفصیلات | نوٹ نمبر | 31 مارچ 2017 (₹) | 31 مارچ 2016 (₹) |
|---|---|---|---|
| I. ایکوِٹی اور دین داریاں | | | |
| (1) حصص داروں کا فنڈ | | | |
| (a) حصص سرمایہ | | 3,00,000 | 1,00,000 |
| (b) رِزرو اور سرپلس | 1 | 25,000 | 1,20,000 |
| (2) نان کرنٹ دین داریاں | | | |
| طویل مدتی قرضے | 2 | 80,000 | 60,000 |
| (3) چالو دین داریاں | | | |
| (a) کاروباری دین دار | | 6,000 | 20,000 |
| (b) قلیل مدتی انتظامات | 3 | 68,000 | 70,000 |
| **کُل** | | **4,79,000** | **3,70,000** |
| II. اثاثے : | | | |
| (1) قائم اثاثے | 4 | 3,36,000 | 1,92,000 |
| (2) چالو اثاثے | | | |
| (a) انونٹریز | | 67,000 | 60,000 |
| (b) کاروباری قابلِ وصول رقوم | | 51,000 | 65,000 |
| (c) نقد اور نقد کے مساوی چیزیں | | 25,000 | 49,000 |
| (d) دیگر چالو اثاثے | | - | 4,000 |
| **کُل** | | **4,79,000** | **3,70,000** |



collegedunia India's largest Student Review Platform

کھاتہ داری کے نوٹس :

| | تفصیلات | 31 مارچ 2017 (₹) | 31 مارچ 2016 (₹) |
|---|---|---|---|
| .1 | رِزرو اور سرپلس | | |
| | سرپلس یعنی گوشوارۂ نفع-نقصان میں بقایا | 25,000 | 1,20,000 |
| | | 25,000 | 1,20,000 |
| .2 | طویل مدتی قرضے | | |
| | 10% طویل مدتی قرضہ | 80,000 | 60,000 |
| | | 80,000 | 60,000 |
| .3 | قلیل مدتی انتظامات | | |
| | ٹیکس کا انتظام | 68,000 | 70,000 |
| | | 68,000 | 70,000 |
| .4 | قائم اثاثے | | |
| | مشینری | 3,84,000 | 2,15,000 |
| | جمع شدہ فرسودگی | (48,000) | (23,000) |
| | | 3,36,000 | 1,92,000 |

اضافی معلومات :

(i) اضافہ قرضہ 1 جولائی 2016 کو لیا گیا تھا۔

(ii) دورانِ سال 53,000 ₹ ٹیکس ادا کیا گیا۔

کیش فلو گوشوارہ تیار کیجئے۔



collegedunia.com
India's largest Student Review Platform

## حِصّہ – B

## متبادل - II

## (کمپیوٹرائزڈ اکاؤنٹنگ)

## (Computerised Accounting)

.18 MS Access استعمال کرنے والے ڈیزائنروں کے لیے 'Report Wizard' سازگار ٹول کیوں ہے؟ 1

.19 اصطلاح 'Front End' ڈیٹا بیس کا کیا مطلب ہے؟ 1

.20 'پاس ورڈ سکورٹی' اور 'ڈیٹا والٹ' (Data Vault) کی اصطلاحات کی وضاحت کیجیے۔ 4

.21 کمپوزٹ اینٹری بیوٹ کا کیا مطلب ہے؟ یہ سمپل اینٹری بیوٹ سے کس طرح مختلف ہے؟ 4

.22 ایسی کنہی چار شرائط کے بارے میں بتایئے جن پر 'ڈیسک ٹاپ ڈیٹا بیس' اور 'سرور ڈیٹا بیس' کے درمیان انتخاب کرنے کے لیے پیسہ لگانے کا فیصلہ کرنے سے پہلے غور کرنا چاہیے۔ 4

.23 یمہا انڈسٹریز نے ایک امباسِنگ مشین 4,35,000 ₹ میں خریدی۔ کمپنی نے تنصیب اور ڈھلائی (transport) کے اخراجات کے اوپر 45,000 ₹ ادا کیے۔ یہ فرض کرتے ہوئے کہ 5 سال کے ختم ہونے پر مشین کی بچی ہوئی قیمت 2,00,000 ₹ ہے، ایم ایس ایکسل میں فارمولوں کا استعمال کرتے ہوئے Straight Line Method سے فرسودگی اور اُس کی در کا حساب لگایئے۔ 6



collegedunia.com India's largest Student Review Platform

collegedunia.com
India's largest Student Review Platform

collegedunia.com
India's largest Student Review Platform